© rasailojaraid.com

# موت العالِم موت العالَم

## مولانا مختار احمد ندوی کی وفات

جماعت اہل حدیث کے جید عالم دین، کئی دینی، علمی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف اور مترجم، سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہندوستان مولانا مختار احمد ندوی 7 ستمبر کو ممبئی میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم خطہ ارض کے نامور عالم دین اور جماعت کے اکابر میں شمار ہوتے تھے آپ نے دعوت وتبلیغ کے میدان میں بڑے کارنامے سرانجام دیئے۔

## مولانا عطاء اللہ طارق کا انتقال پر ملال

مسلک اہل حدیث کے نامور عالم دین، جماعت اہل حدیث صوبہ پنجاب کے امیر حضرت مولانا عطاء اللہ طارق مورخہ 18 اکتوبر بروز جمعرات حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحوم نے تقریباً 40 سال جامع مسجد قدس اہل حدیث گگو منڈی میں بحیثیت خطیب کام کیا۔ اس اثنا میں آپ نے انتہائی مقبول عام خطبات پر مشتمل کتاب ''مواعظ طارق'' تصنیف کی جس کی رہنمائی میں نو آمیز ایک اچھا خطیب بن جاتا ہے جو یقیناً مولانا مرحوم کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

## شیخ الحدیث مولانا اسد اللہ بھامبڑوی کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے نائب امیر شیخ الحدیث مولانا اسد اللہ بھامبڑوی (بوریوالہ) مورخہ 27 اکتوبر بروز بدھ رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مولانا مرحوم دار العلوم شمس الحدیث بورے والا ضلع وہاڑی کے بانی و مہتمم ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کا شمار جید، نامور اور مشہور علماء میں ہوتا تھا، مولانا مرحوم نے اپنی پوری زندگی قرآن وحدیث کی تعلیم وتبلیغ میں گزاری۔

رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر نے اپنے ایک بیان میں ان علماء کرام کی اسلامی وملی خدمات کو سراہا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ (آمین)

نماز جمعہ کے بعد مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔



© rasailojaraid.com